© rasailojaraid.com



اس امت کی بیداری کا سامان نہ بن جائیں۔ اور پھر سے وہ دین محمدی کی طرف بازگشت کر کے نور ایمان سے معمور جذبۂ اسلام سے بھرپور "ضرب مومن" بن کر نہ ابھرنے لگیں۔ کہ مسلمانوں کی بیداری کا مطلب ایک قوم کی بیداری نہیں بلکہ پوری دنیا کی بیداری ہے اس قوم میں تو ذات و کائنات کا رشتہ جڑا ہوا ہے جہاں اس میں احتساب نفس ہے وہیں احتساب کائنات بھی ہے

ہر نفس ڈرتا ہوں اس امت کی بیداری سے میں
ہے حقیقت جس کے دین کی "احتساب کائنات"

ہماری دعا ہے کہ پاک فوج کی "ضرب مومن" پوری ملت کے لئے عمدہ و اعلیٰ اور زیادہ سے زیادہ مثبت اور نتیجہ خیز ثمرات کا ذریعہ ثابت ہو اور پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمان اس کے برکات سے مالامال ہوں۔ آمین

## جہاد افغانستان میں ابناء دارالعلوم کی شہادت

**مولانا عبدالحق شہید** دارالعلوم کے جواں سال فاضل، اسلام کے فرزند جلیل مولانا عبدالحق افغانی بھی گذشتہ ماہ جہاد افغانستان کے میدان کارزار میں نہایت اہم اور شاندار فرائض اور خدمات سر انجام دیتے ہوئے بارگاہ صمدیت سے خلعت خون شہادت سے سرفراز ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

موصوف ۱۴۰۱ھ - ۱۹۸۱ء میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ سے دورہ حدیث پڑھا۔ ۱۴۰۲ھ میں اسلام آباد کی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے کلیۃ الشریعہ میں داخلہ لیا۔ اور ایل ایل بی کیا۔ ۱۴۰۵ھ میں جامعۃ الامام محمد بن سعود الاسلامیہ کے مکتبہ الشریعہ میں داخلہ لے کر عمدہ نمبروں پر کامیابی حاصل کی۔ اور سعودی حکومت کی طرف سے مکۃ المکرمہ ام القراء میں ان کی تقرری ہوئی۔

آپ سعودی عرب سے ہر سال عرب رفقاء کو ساتھ لا کر مادر علمی دارالعلوم حقانیہ حاضر ہوتے۔ اپنے شیخ و مربی شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ سے زیارت و ملاقات اور حصول دعا کی سعادتیں حاصل کر کے معرکہ حق و باطل میں قائدانہ ذمہ داریوں اور فرائض سے عہدہ برآ ہوتے۔ شہادت ان کا مقصود تھی اور اسے وہ اپنی تمام تر مساعی کا ہدف بنائے ہوئے تھے یہ مقصد بھی انہیں حاصل ہو گیا۔

دعا ہے کہ خدائے حی و قیوم اس شیر بیشۂ اسلام کے خون شہادت کے صدقے گلشن اسلام کو ذئن


© rasailojaraid.com